30.10.2025

21.15 Hrs.

HL Opening

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ماجد علی

Music

....

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے گجرات کے ایکتا نگر میں ایک ہزار کروڑ روپئے سے زیادہ مالیت کے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا آغاز کیا۔

☆ امریکہ نے ایران کی چابہار بندرگاہ پر کام کاج کیلئے بھارت کو پابندیوں میں چھ ماہ کی رعایت دی ہے۔

☆ بھارت نے افغانستان کے ساتھ سرحدی کشیدگی اورسرحدپاردہشت گردی پرپاکستان کی سخت نکتہ چینی کی ہے۔

☆ بہار میں اسمبلی انتخابات کیلئے انتخابی مہم زور شور سے جاری ہے۔ مختلف سیاسی پارٹیوں کے اعلیٰ رہنماؤں نے ریاست بھر میں ریلیاں اور روڈ شو کئے۔

☆ جسٹس سوریہ کانت بھارت کے 53ویں چیف جسٹس مقرر ہوئے ہیں۔ وہ 24نومبر کو عہدے کی ذمے داری سنبھالیں گے۔

☆ اور نوی ممبئی میں، خواتین کے آئی سی سی ODI عالمی کپ کرکٹ میں آسٹریلیا نے دوسرے سیمی فائنل میں بھارت کی جیت کیلئے 339رن کا نشانہ رکھا ہے۔

....

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

PM Gujarat

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج ورچوئل وسیلے سے گجرات کے کیوڑیا میں ایکتا نگر میں ایک ہزار ایک سو کروڑ روپئے سے زیادہ مالیت کے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا آغاز کیا۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے......

VC Aparnakhunt

بنیادی ڈھانچے کے مختلف پروجیکٹوں کے علاوہ جن اہم اقدامات کا آغاز کیا گیا ہے، ان میں **Rajpipla** میں برسا منڈا قبائلی یونیورسٹی اور **Garudeshwar** میں میزبانی ضلع کا پہلا مرحلہ شامل ہیں۔ وزیر اعظم نے **10** اہم پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد بھی رکھا، جن کا مقصد ماحول کیلئے سازگار سیاحت، گرین موبیلیٹی اور اسمارٹ بنیادی ڈھانچے کو فروغ دینے کے ساتھ ساتھ خطے میں قبائلی ترقی میں اضافہ کرنا ہے۔

وزیر اعظم، ریاست کے دو روزہ دورے پر آج گجرات پہنچے ہیں۔ جناب مودی، بھارت کے مرد آہن سردار ولبھ بھائی پٹیل کی کل 150ویں سالگرہ کے موقع پر راشٹریہ ایکتا دِوس تقریبات میں شرکت کریں گے۔
احمد آباد سے اپرنا کھنٹ کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ارجمند علی خان

Rev Mea Brifefing

امریکہ نے ایران کی چابہار بندرگاہ پر کام کاج کی خاطر پابندیوں میں بھارت کو چھ ماہ کی رعایت دی ہے۔
آج دوپہر نئی دلّی میں میڈیا کو تفصیل بتاتے ہوئے وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ بھارت کو چھ ماہ کی مدت کیلئے یہ رعایت دی گئی۔ پابندیوں میں رعایت کا اطلاق 29اکتوبر سے ہوگا۔ ترجمان نے اِس بات کی بھی تصدیق کی کہ کچھ کمپنیوں کو چین سے زیر زمین نایاب مقناطیس درآمد کرنے کیلئے لائسنس موصول ہوئے ہیں۔
جناب جیسوال نے یہ بھی کہا کہ بھارت، روس کی تیل کمپنیوں پر حالیہ امریکی پابندیوں کا بھی جائزہ لے رہا ہے۔ انھوں نے کہا کہ قدرتی طور پر بھارت کے فیصلے، بدلتے عالمی بازار کو ذہن میں رکھتے ہوئے کئے جائیں گے۔ پاکستان–افغانستان سوال پر ترجمان نے اِس بات کی طرف اشارہ کیا کہ پاکستان، افغانستان کو اپنے علاقوں کی سالمیت برقرار رکھنے کیلئے اشتعال دکھا رہا ہے۔

S/B Randhir on AFG PAK

ایک اور سوال کے جواب میں جناب جیسوال نے اِس بات پر زور دیا کہ بھارت پَن بجلی پروجیکٹوں سمیت پانی کے اُس کے پائیدار بندوبست میں مدد کیلئے مسلسل تیار ہے۔ انھوں نے کہا کہ ہرات صوبے میں سلمیٰ باندھ سمیت اشتراک کی ایک تاریخ ہے۔x

PM Maritime Post

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج کہا کہ بھارت، ایک بڑا سمندری ہب بننے کیلئے تیار ہے اور یہ نہ صرف کنکٹیوٹی مہیا کرا رہا ہے بلکہ اضافی اقدار والی خدمات، آلودگی سے پاک جہاز رانی کے اقدامات اور صنعت دوست پالیسی طریقۂ کار بھی پیش کر رہا ہے۔ بھارت کے سمندری شعبے میں سرمایہ کاری کیلئے ایک بڑا ملک بن کر ابھرنے کے بارے میں بات کرتے ہوئے وزیر اعظم نے سوشل میڈیا پر یہ بات کہی۔ اِس بات پر زور دیتے ہوئے کہ بھارت کے پاس ایک طویل ساحل ہے اور عالمی معیار کی بندرگاہیں ہیں، انہوں نے بھارت کی سمندری فروغ کی تاریخ میں حصے دار بننے کیلئے سرمایہ کاروں کو دعوت دی۔ x

Rev. Rajnath Malaysia Visit

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ وزرائے دفاع کی بارھویں آسیان میٹنگ میں شرکت کیلئے کوالالمپور کے دو روزہ دورے پر ملیشیا پہنچ گئے ہیں۔ ADMM-Plus یکم نومبر کو منعقد ہوگی۔ Subang ایئر بیس پر اُن کی آمد پر جناب سنگھ کا ملیشیا میں بھارت کے ہائی کمشنر بی این ریڈی نے اُن کا استقبال کیا۔ اپنے دورے کے دوران جناب

سنگھ، دفاع اشتراک کو مزید مستحکم کرنے کیلئے آسیان–بھارت وزرائے دفاع کی دوسری غیر رسمی میٹنگ میں بھی شرکت کریں گے۔x

Shivraj FPO Samagam

زراعت اور کسانوں کی بہبود کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے کہا ہے کہ اب تک ملک میں کسانوں کی پیداوار سے متعلق دس ہزار تنظیمیں FPOs قائم کی جاچکی ہیں اور کچھ FPOs کی آمدنی 100 کروڑ روپے تک پہنچ گئی ہے۔ آج نئی دلّی میں دو روزہ FPO Samagam 2025 سے خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوف نے مطلع کیا کہ ایک ہزار ایک سو FPOs کروڑ پتی بن گئی ہیں۔ انھوں نے کہا کہ 52لاکھ کسانوں کو فائدہ ہوا ہے اور حکومت نے اِس پہل کے ذریعے دو کروڑ کسانوں تک پہنچنے کا ہدف رکھا ہے۔

S/B 2045 Shivraj Singh

جناب چوہان نے کہا کہ حکومت کا مقصد معیشت کو فروغ دینے اور زرعی پیداوار کو وسعت دینے کیلئے زرعی شعبے میں کھیتی باڑی کو مربوط کرنا ہے۔انھوں نے یہ بھی کہا کہ حکومت جلد ہی بیج سے متعلق قانون متعارف کرائے گی تاکہ کسانوں کیلئے اعلیٰ معیار کے بیج کی فراہمی کو یقینی بنایا جاسکے۔ وزیر موصوف نے ملک کی معیشت میں کسانوں کے تعاون کا ذکر کیا اور کہا کہ زرعی شعبے میں خواتین کو بااختیار بنانے کیلئے پچاس فیصد حصے داری فراہم کی جائے گی۔ اس کانکلیو میں ملک بھر کی 24ریاستوں اور 140اضلاع سے 500سے زیادہ کسانوں، کسانوں کی پیداوار سے متعلق تنظیموں FPOs اور اسکیم نافذ کرنے والی ایجنسیوں نے شرکت کی۔x

Ashwini Passenger Holding Area

ریلوے کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے پورے ملک کے مختلف ریلوے اسٹیشنوں پر مسافروں کے ٹھہرنے کیلئے 76مقامات تعمیر کرنے کے ایک منصوبے کو منظوری دی ہے۔ نئی دلّی ریلوے اسٹیشن پر مسافروں کے ٹھہرنے کے مقام کی کامیابی کے بعد یہ فیصلہ کیا گیا ہے۔ وزیرِ ریلوے نے کہا کہ پورے ملک میں اِن مقامات پر جدید ڈیزائن کے ساتھ مقامی حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے تعمیر کی جائے گی۔ مرکزی وزیر نے ہدایت دی ہے کہ یہ سبھی مقامات 2026کے تہواروں کے موقع سے پہلے مکمل کرلئے جائیں۔ نئی دلّی ریلوے اسٹیشن نے نوتعمیر شدہ مسافروں کے ٹھہرنے کے مقام کے سبب چھٹھ اور دیوالی کے دوران مسافروں کی ایک بڑی تعداد کو کامیابی کے ساتھ منظم کیا تھا۔ مسافروں کا یہ نوتعمیر شدہ مقام چار مہینے کے اندر مکمل کرلیا گیا تھا۔ x

Bihar Camaigning

بہار اسمبلی انتخابات کے پیش نظر NDA اور مہاگٹھ بندھن دونوں کے سرکردہ اور سینئر رہنماؤں نے آج مختلف عوامی ریلیاں کیں۔ دیگر سیاسی پارٹیوں کے لیڈروں نے بھی اپنے متعلقہ امیدواروں کی حمایت میں میٹنگیں کیں۔ پہلے مرحلے کے اسمبلی انتخابات کیلئے چناؤ تاریخ قریب آنے کے ساتھ ہی انتخابی مہم تیز ہوگئی ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ......

VC Dharmendra

بی جے پی کے سینئر رہنما اور وزیر اعظم نریندر مودی نے چھپرا میں ایک ریلی سے خطاب کرتے ہوئے مبینہ طور پر کہا کہ جب کانگریس کی حکمرانی والی ریاستوں کے وزرائے اعلیٰ نے بہار کے لوگوں کیلئے ناشائستہ رائے زنی کی تھی تو اُس وقت راشٹریہ جنتادَل نے اس پر احتجاج نہیں کیا تھا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ RJD اور کانگریس کا منشور لوٹ اور بدعنوانی کا منشور ہے۔BJP کے سینئر لیڈر اور مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے نالندہ میں خطاب کرتے ہوئے کہا کہ RJD پندرہ برس سے بدعنوانی میں ملوث ہے جبکہ وزیر اعظم مودی کی مدت کار کے دوران، بدعنوانی کا کوئی واحد معاملہ سامنے نہیں آیا ہے۔جنتادل یونائیٹڈ کے صدر اور وزیر اعلیٰ نتیش کمار نے شیخ پورہ میں ایک ریلی سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بہار کی ترقی کیلئے وزیر اعظم مودی کا عزم پختہ ہے۔

کانگریس کے سینئر لیڈر راہل گاندھی نے نالندہ ضلع میں ایک ریلی میں مبینہ طور پر کہا کہ NDA حکومت غریبوں اور نوجوانوں کو نظر انداز کرتے ہوئے صنعتکاروں کے حق میں کام کر رہی ہے۔RJD کے لیڈر تیجسوی پرساد یادو نے کہا کہ اگرعظیم اتحاد اقتدار میں آتا ہے تو ہر خاتون کو 'مائی بہن یوجنا' کے تحت ڈھائی ہزار روپے فی ماہ فراہم کئے جائیں گے۔اِس دوران، جن سوراج پارٹی کے بانی پرشانت کشور نے دربھنگہ میں کہا کہ صرف اُن کی پارٹی ہی بہار کو NDA اور مہاگٹھ بندھن کی بدعنوانی سے نجات دِلا سکتی ہے۔

پٹنہ سے دھرمیندر کمار رائے کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں محمد اعظم

CJI Sura Kant

جسٹس سوریہ کانت، بھارت کے اگلے چیف جسٹس ہوں گے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں قانون اور انصاف کے وزیر ارجن رام میگھوال نے انہیں مبارکباد پیش کی اور بتایا کہ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے جسٹس سوریہ کانت کو اگلا چیف جسٹس مقرر کیا ہے۔ ان کی تقرری 24نومبر سے شروع ہوگی۔ جسٹس سوریہ کانت 53ویں چیف جسٹس ہوں گے۔ وہ چیف جسٹس بی آرGavai کی جگہ لیں گے، جن کے کام کی مدت 23نومبر کوختم ہو رہی ہے۔

GST Reforms Food Sector

نریندر مودی سرکار کی طرف سے کئی شعبوں میں GST کی شرحوں میں کمی کیے جانے کے بعد 22ستمبر کو GST بچت اُتسو کا آغاز ہوا تھا، جس سے ملک کے شہریوں کو فائدہ پہنچ رہا ہے۔ آج ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ کس طرح کھانے کی اشیاء پر GST کی نئی شرحیں، شہریوں کی مدد کر رہی ہیں۔

پیش ہے ایک رپورٹ

VC Saklen

عام آدمی کو ایک بڑی راحت دیتے ہوئے حکومت نے کھانے کی ضروری اشیاء پر GST میں کمی کی ہے۔

GST کی نئی شرحوں کے تحت مکھن، گھی اور دیگر ڈیری مصنوعات پر ٹیکس 12فیصد سے کم ہو کر 5فیصد رہ گیا ہے۔

GST میں کی گئی اِس نمایاں کمی سے غذائی اشیاء کو پروسیس کرنے والے شعبے کو بہت مدد ملی ہے۔ پھلوں اور سبزیوں کے جوس پر بھی اب GST بارہ فیصد کے بجائے 5فیصد رہ گیا ہے۔ Processed گوشت اور محفوظ کرکے رکھی گئی سبزیوں اور اچاروں پر بھی اب صرف 5فیصد ٹیکس ہے۔ اِس فیصلے سے کئی ضروری اور Processed کھانے کی اشیاء سستی ہوگئی ہیں، جس سے گھریلو اخراجات میں کمی آئی ہے۔

نئی دلّی سے ثقلین کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ارجمند علی خان

Mumbai Hostage Situation

مہاراشٹر میں 17بچوں اور ایک بزرگ شہری سمیت 19افراد کو بحفاظت بچا لیا گیا ہے۔ انہیں آج ممبئی کے Powai علاقے میں ایک اسٹوڈیو کے اندر ایک شخص نے یرغمال بنا لیا تھا۔ پولیس اور آگ بجھانے والے محکمے کی ٹیموں نے یہ کارروائی انجام دی اور مشتبہ شخص کو حراست میں لے لیا گیا ہے۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق 15سال کے لڑکے اور لڑکیوں کو ایک آڈیشن کیلئے اسٹوڈیو میں بلایا گیا تھا۔

SB - Dutta Nalawale

Cyprus India

Cyprus نے بھارت اور یوروپی یونین کے درمیان آزاد تجارتی معاہدے کی پُر زور حمایت کی ہے۔ آج شام نئی دلّی میں عالمی معاملات کی بھارتی کونسل میں Sapru ہاؤس لیکچر دیتے ہوئے Cyprus کے وزیر خارجہ Constantinos Kombos نے کہا کہ اِس معاہدے کا کامیابی کے ساتھ تکمیل کو پہنچنا نہ صرف یوروپی یونین اور بھارت کے رشتوں کو مضبوط کرے گا بلکہ یہ بھارت اور سبھی یوروپی ملکوں کیلئے بڑے اقتصادی مواقع کی راہیں کھولے گا۔ انہوں نے کہا کہ بڑھتی ہوئی کثیر قطبی دنیا میں بھارت ایک بڑی آواز بن کر ابھر رہا ہے۔ Cyprus ، بھارت کو صرف ایک دوست کی حیثیت سے نہیں دیکھتا ہے بلکہ مستقبل کے تعاون کیلئے ایک شراکت دار کے طور پر بھی دیکھتا ہے۔

S/B: Cyprus FM

جناب Kombos نے کہا کہ بھارت–مشرق وسطی– یوروپ اقتصادی کوریڈور، IMEC تعاون کیلئے موقع اور ایک اہم پلیٹ فارم ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ ایک نظریاتی تجویز ہے، جو خطوں کے ممالک کے درمیان کنیکٹیویٹی کو تبدیل کرسکتا ہے۔ Cyprus کے وزیر خارجہ نے کہا کہ بحیرۂ روم کا علاقہ IMEC کیلئے جغرافیائی کے طور پر اہمیت کا حامل ہے اور Cyprus اِس ابھرتی ہوئی صورتحال میں ایک اہم کردار ادا کرے گا۔ x

US China Meeting

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ انہوں نے جنوبی کوریا میں چین کے اپنے ہم منصب شی جنپنگ کے ساتھ تجارت، توانائی اور درد کو کم کرنے والی دوا fentanyl سمیت کئی سمجھوتے کیے ہیں تاکہ کشیدگی کو کم کیا جاسکے

اور تعاون کو فروغ دیا جاسکے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں صدر ٹرمپ نے کہا کہ چین کے صدر کے ساتھ اُن کی ملاقات بہت خوشگوار رہی۔ انہوں نے اعلان کیا کہ چین، امریکہ سے بڑی تعداد میں سویابین، جوار سمیت زراعتی اشیاء خریدے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ دونوں ملک اِس بات پر راضی ہوگئے ہیں کہ چین کی درآمدات پر امریکی محصولات میں ایک تجارتی معاہدے کے تحت 57 فیصد سے کم کرکے 47 فیصد کیا جائے۔ x

Women's Cricket

نوی ممبئی کے ڈاکٹر ڈی وائی پاٹیل اسپورٹس اکیڈمیں خواتین کے ایک روزہ ICC عالمی کپ میں دوسرے سیمی فائنل میں اب سے کچھ دیر پہلے تخت آسٹریلیا کے خلاف بھارت نے 32اوورز میں 2وکٹ پر 201رن بنا لئے تھے۔اِس سے قبل ٹاس جیتنے کے بعد پہلے بلے بازی کا فیصلہ کرتے ہوئے آسٹریلیا کی پوری ٹیم 49اوورز اور پانچ گیندوں میں 338پر آؤٹ ہوگئی۔ آکاشوانی انگریزی اور ہندی میں اِس میچ کی براہ راست کمنٹری نشر کر رہا ہے۔ جنوبی افریقہ گواہاٹی میں کھیلے گئے پہلے سیمی فائنل میں انگلینڈ کو 125رن سے ہراکر پہلے ہی فائنل میں پہنچ چکا ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆